# 06-09-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

☆ مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے ریاست کے سیلاب متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

☆ تلنگانہ حکومت نے حیدرآباد کے AI City میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے قیام کیلئے ورلڈ ٹریڈ اسوسی ایشن کے ساتھ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے ہیں۔

☆ پیرس پیرالمپکس میں برانز میڈل حاصل کرنے والی اسپرنٹر دیپتی جیوانجی کا ملک واپس ہونے پر آج حیدرآباد کے شمس آباد پر والہانہ استقبال کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ وآندھراسب ایریا کے جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل راکیش منوچا نے آج ٹریٹوریل آرمی سائیکل ایکسپیڈیشن ٹیم کو سکندرآباد سے چینائی کیلئے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ ٹیم چینائی پہنچنے سے پہلے مختلف علاقوں کونڈاملی پلی، مانچرلہ، وینوکنڈہ، کنی گیری، سولوروپیٹ سمیت دیگر علاقوں کا تقریباً سات سو کیلومیٹر کا احاطہ کرے گی۔ٹریٹوریل آرمی اپنی پلاٹینم جوبلی منارہی ہے۔اس ضمن میں لداخ کے سیاچن بیس کیمپ سے انڈوبار اینڈ نکوبار رآئر لینڈ کے اندرا پوائنٹ تک سائیکل ریالی نکالی جارہی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ حکومت نے حیدرآباد کے AI City میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے قیام کیلئے ورلڈ ٹریڈ اسوسی ایشن کے ساتھ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے ہیں۔ریاستی وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے جاریہ گلوبل AI سمٹ کے دوران اس معاہدہ پر دستخط کئے۔ ڈبلیوٹی سی اے آئی سٹی ایک ملین اسکوائر فٹ علاقہ پر قائم کی جائے گی جہاں اے آئی اور دیگر ابھرتی ٹیکنالوجیز کی کمپنیاں ہوں گی۔حکومت کے اس اقدام کو اے آئی کے شعبہ میں ایک اہم قدم مانا جارہا ہے۔کیمپس میں عالمی معیار کے آفس کی جگہ، تجارتی خدمات، تربیتی مراکز، کھیل وتفریح کے زونس، لگژری ہوٹلس اور پرائمری ہیلتھ کیئر کی سہولت دستیاب رہے گی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سریدھر بابو نے کہا کہ اے آئی سٹی میں ڈبلیوٹی سی کا قیام آئی ٹی برآمدات کو بتیس بلین سے بڑھا کر دوسو بلین کرنے کے ہدف کو حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر پنچایت راج و بہبودی خواتین اطفال اناسویا عرف سیتااکا نے کہا کہ ریاست میں طلبہ کی فلاح و بہبود کانگریس حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ ریاستی وزیر نے آج سکریٹریٹ حیدرآباد میں ٹرائبل آشرم، اسکولس، ہاسٹلس، گروکل ادارے اور دیگر تعلیمی اداروں کے حوالہ سے ایک ویڈیو کانفرنسنگ کی۔اس دوران طلبہ کی رہائش اور غذا سے متعلق دیگر امور بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر سیتاکا نے کہا کہ حکومت طلبہ کو درپیش چیلنجوں کو حل کرنے کے عہد کی پابند ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت نے اساتذہ کے طویل مدت سے زیرالتوا ترقی وتبادلوں کا عمل کامیابی سے مکمل کیا ہے۔ریاستی وزیر نے یقین دلایا کہ تدریسی وغیر تدریسی عملہ کے مسائل کو حل کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کومارم بھیم آصف آباد ضلع کے جینور میں ایک قبائلی خاتون کے ساتھ مبینہ جنسی استحصال وقتل کی کوشش پر خاموشی اختیار کرنے پر ایم آئی ایم لیڈر اسدالدین اویسی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ بنڈی سنجے نے اس واقعہ پر فوری کاروائی نہ کرنے پر انتظامیہ پر برہمی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ جب خواتین کے خلاف جرائم پر کاروائی نہیں کی جارہی ہے تو ہندو نوجوانوں کے خلاف غیر قانونی مقدمات درج کرنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔مرکزی وزیر نے ارکان پارلیمنٹ کونڈا ویشویشور ریڈی اور ناگیش کے علاوہ دیگر بی جے پی لیڈروں کے ہمراہ آج گاندھی ہاسپٹل پہنچ کر آئی سی یو میں زیرعلاج متاثرہ سے ملاقات کی۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے بنڈی سنجے نے اس حملے کی مذمت کی اور اسے نربھیا اور دیشا کیس سے تشبیہ دی۔ بنڈی سنجے نے خواتین کے خلاف جرائم سے نمٹنے میں ناکامی کا ریاستی حکومت پر الزام لگایا۔

تلنگانہ پوسٹل ڈپارٹمنٹ نے تعلیمی سال 25-2024 کے لئے دین دیال اسپرش یوجنا اسکالرشپ کے لئے درخواستیں طلب کی ہیں۔محکمہ ڈاک کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ تلنگانہ کے مسلمہ اسکولوں میں زیر تعلیم چھٹویں تا نویں جماعت کے طلبہ جنہیں اسٹامپ جمع کرنے میں دلچسپی ہے وہ اسکالرشپ کیلئے درخواست داخل کر سکتے ہیں۔ اسٹامپ جمع کرنے میں دلچسپی رکھنے والے طلبہ کیلئے محکمہ ڈاک نے دیان دیال اسپرش یوجنا شروع کی ہے۔ ویب سائیٹ www.indiapost.gov.in پر بھی درخواستیں داخل کی جاسکتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی نے مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت پر زوردیا۔وزیراعظم نئی دہلی میں اپنی رہائش گاہ پرقومی سطح پر ٹیچرایوارڈ حاصل کرنے والے اساتذہ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ طلبہ کومختلف زبانوں میں مقامی کلچر سے واقف کروائیں تاکہ طلبہ کئی زبانیں سیکھ سکیں اور ملک کے وسیع کلچر سے واقف ہوسکیں۔وزیراعظم نے کہا کہ اساتذہ طلبہ کوتعلیمی دوروں پر لے جائیں تاکہ وہ ہندوستان کے وسیع کلچر سے واقف ہوسکیں۔اس موقع پرایوارڈیافتہ اساتذہ نے وزیراعظم سے اپنے تجربات پیش کئے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کےمختلف اضلاع عادل آباد، جےشنکر بھوپال پلی،ملگ ، بھدرادری کتہ گوڑم، ورنگل اور ہنمکنڈہ میں کئی مقامات پر بھاری بارش ہوسکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ ریاست میں کل اور پرسوں بھی بارش کا امکان ہے۔آئندہ چاردنوں کے دوران تلنگانہ کے مختلف مقامات پرگرج چمک اورتیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال اورونپرتی کے کئی مقامات پرشدید بارش ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

وقف ترمیمی بل پر پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کا ایک مشترکہ اجلاس آج نئی دہلی میں منعقد ہوا۔تلنگانہ وقف بورڈ، زکوۃ فاؤنڈیشن آف انڈیا اورآرکیالوجیکل سروے آف انڈیا کے نمائندوں نے اپنی تجاویز کمیٹی کے سامنے پیش کیں۔لوک سبھا رکن پارلیمنٹ جگدمبیکا پال کی صدارت میں کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔مرکزی حکومت نے وقف جائیدادوں کے انتظام وانصرام میں خامیوں کو پورا کرنے کے مقصد سے وقف ترمیمی بل 2024 پیش کیا ہے۔ وقف ایکٹ 1995 کا نام تبدیل کرتے ہوئے یونیفائیڈ وقف مینجمنٹ ایمپاؤمنٹ ایفیشینسی اینڈ ڈیولپمنٹ ایکٹ 1995 رکھا گیا ہے۔وقف ترمیمی بل کو بجٹ سیشن کے دوران لوک سبھا میں متعارف کرایا گیا تھا تاہم بعد میں اسے پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کے حوالے کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نےٹکنیکل ٹیکسٹائیل شعبہ میں پروڈکشن لنک انسٹیوز کیلئے دس ہزار کروڑ روپے اور ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ کیلئے چودہ سوکروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ مرکزی وزیرٹکسٹائیل گری راج سنگھ نے ایک پریس کانفرنس کے دوران یہ جانکاری دی۔انہوں نے کہا کہ حکومت ٹکنیکل ٹیکسٹائیل شعبہ کی ترقی پرتوجہ مرکوز کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف شعبوں جیسے ایرواسپیس، ڈیفنس، ہائی جین، اگریکلچر میں ٹکنیکل ٹیکسٹائیل کی مانگ میں کافی اضافہ ہوا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیرزراعت شیوراج سنگھ چوہان اورمرکزی وزیرمملکت داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کھمم ضلع کے سیلاب متاثرہ افراد کو ہرممکن مدد کا یقین دلایا۔دونوں وزراء نے کھمم کے سیلاب متاثرہ علاقوں کا فضائی سروے کیا اور بعد میں پالیرو میں واقع ساگرلیفٹ کنال کا معائنہ کیا۔مرکزی وزراء نے سیلاب کی وجہ سے کھیتوں کو ہوئے نقصانات کا بھی جائزہ لیا۔ریاستی وزیرزراعت ٹی ناگیشورراؤاوروزیرریونیوپی سرینواس ریڈی بھی مرکزی وزراء کے ہمراہ تھے۔بعد میں شیوراج سنگھ چوہان نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی اورشدید بارش اورسیلاب سے ہوئے نقصانات پرتبادلہ خیال کیا۔

☆☆☆☆☆

پیرس پیرالمپکس میں برانز میڈل حاصل کرنے والی اسپرنٹر دیپتی جیوانجی کا ملک واپس ہونے پر آج حیدرآباد کے شمس آباد پر والہانہ استقبال کیا گیا۔ دیپتی پیرس پیرالمپکس خواتین کی چارسومیٹر ٹی ٹوئنٹی زمرہ میں تلنگانہ کے لئے پہلا میڈل حاصل کیا ہے۔ دیپتی کا تعلق ورنگل سے ہے۔ دیپتی کے ارکان خاندان کے علاوہ تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کے چیئرمین شیوا سینا ریڈی اور دیگر عہدیداروں نے دیپتی کا خیر مقدم کیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ تحریک کے معروف جہدکار اور بی آر ایس لیڈر رجے بالا کرشنا ریڈی چل بسے۔ ان کا برین انفیکشن کا علاج چل رہا تھا۔ یدادری بھونگیر ضلع کے بمبائی پلی گاؤں میں پیدا ہوئے بالا کرشنا تلنگانہ تحریک میں اہم رول ادا کیا تھا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اپنے تعزیتی بیان میں بالا کرشنا ریڈی کی موت پر دکھ کا اظہار کیا اور کہا کہ انہوں نے ایک اچھے ساتھی کو کھو دیا ہے۔ مختلف سیاسی جماعتوں کے قائدین نے بھی بالا کرشنا کی موت پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆